ضروری اعلان

۱۴۲۴ھ اور ۱۴۲۵ھ میں امتیازی حیثیت میں کامیاب طلبہ وطالبات کے اعزاز میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے مورخہ ۳، اپریل ۲۰۰۵ء کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی تقریب فی الحال ملتوی کر دی گئی ہے۔

نئی تاریخ کا اعلان انشاءاللہ تعالیٰ جلد کر دیا جائے گا۔

اعلان داخلہ

''وفاق المدارس'' العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان ۱۴۲۶ھ کے داخلے یکم ربیع الاول سے شروع ہونگے۔ جامعات/مدارس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اپنے داخلے بروقت کرائیں۔ یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے۔ کہ اکثر مدارس داخلہ فارم بغیر فیس کے ارسال کرتے ہیں۔ جس میں رقم بھیجنے کا ذکر نہیں ہوتا نہ ہی ذریعہ بتایا جاتا ہے کہ رقم ڈرافٹ سے بھیجی گئی ہے یا کسی اور ذریعہ سے، اور نہ ہی الحاق نمبر ارسال کیا جاتا ہے۔ ایسے اداروں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ان کے داخلہ فارم مسترد کر دیئے جائیں گے اور بعد میں دفتر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

ذریعہ وصولی واجبات

تمام واجبات بشمول داخلہ فیس صرف ایک ڈرافٹ کی صورت میں ارسال کئے جائیں۔ جس کا دفتر اور مدارس دونوں کو فائدہ ہوگا۔ اکثر مدارس داخلہ فیس اور سالانہ فیس اور رسالہ فیس کے ڈرافٹ علیحدہ علیحدہ بھیجتے ہیں جس سے مدارس کا خرچہ زائد ہو جاتا ہے ذمہ داران مدارس اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام طلباء کا داخلہ ایک ہی دفعہ اکٹھا بھیجا جائے۔ نیز دفتر کی طرف سے ارسال کئے گئے کوائف نامہ کو مکمل کر کے بھیجیں۔

تاریخ داخلہ سنگل فیس: یکم ربیع الاول تا پندرہ ربیع الثانی

تاریخ داخلہ ڈبل فیس: 16 ربیع الثانی تا 30 ربیع الثانی

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

اجمالی جائزہ ضمنی امتحان 1425ھ

کل تعداد	1226	شریک امتحان	1103
کل طلبہ	497	کل طالبات	606
ناکام طلبہ	24	ناکام طالبات	100
کامیاب طلبہ	473	کامیاب طالبات	506
نتیجہ	95.17%	نتیجہ	83.50%
کل طلبہ/طالبات	1103	ناکام	124
کامیاب	997	مجموعی نتیجہ	88.76%